روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 21 اگست 2009ء 29 شعبان 1430 ہجری 21 ظہور 1388 ھش جلد 59-94 نمبر 189

(قرآن۔ مجموعہ علوم وفنون)

مشہور مستشرق فلپ کے حتی رقمطراز ہیں۔

قرآن صرف ایک مذہب کا دل اور آسمانی بادشاہت کا رستہ دکھانے والا نہیں بلکہ وہ علوم وفنون اور سائنس وحکمت کا نچوڑ اور ایسی تاریخی دستاویز ہے جس میں ارضی بادشاہت کے قوانین بھی پیش کئے گئے ہیں۔

مسلمانوں کے نزدیک دینیات، فقہ اور سائنس دراصل ایک ہی شمع کی کرنیں ہیں۔ لہٰذا تعلیم وتربیت کے لئے قرآن سائنس کا راہنما اور ایک درسی کتاب کی حیثیت اختیار کر جاتا ہے۔ دنیا کی سب سے بڑی اسلامی یونیورسٹی جامعۃ الازہر جیسے ادارے میں اس کتاب کو اب بھی سارے نصاب کی اساس قرار دیا جاتا ہے۔

شام عرب اور مصر کی طرح عراق اور مراکش میں ہر جگہ وہی کلاسیکل عربی زبان رائج ہے جس کی تشکیل قرآن نے کی۔

(تاریخ عرب از فلپ کے حتی، ناشر آصف جاوید برائے نگارشات باب5 صفحہ 35‘37)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قرآن شریف کی سچائی کی یہ ایک نشانی ہے کہ وہ جو اُسکی طرف آتے ہیں اُنکو اُس مرتبہ ایمان اور عمل پر رکھنا نہیں چاہتا کہ جو وہ اپنی کوشش سے اختیار کرتے ہیں کیونکہ اگر ایسا ہو تو کیونکر معلوم ہو کہ خدا موجود ہے بلکہ وہ انسانی کوششوں پر اپنی طرف سے ایک ثمرہ مرتب کرتا ہے جس میں خدائی چمک اور خدائی تصرف ہوتا ہے مثلاً جیسا کہ میں نے بیان کیا انسان خدا پر ایمان لانے کے بارہ میں اس سے زیادہ کیا کر سکتا ہے کہ وہ اس پوشیدہ خدا پر ایمان لاوے جس کے وجود پر ذرّہ ذرہ اِس عالم کا گواہ ہے۔ مگر انسان کی یہ تو طاقت ہی نہیں ہے کہ محض اپنے ہی قدموں اور اپنی ہی کوشش اور اپنے ہی زور بازو سے خدا کے انوار الوہیت پر اطلاع پاوے اور ایمانی حالت سے عرفانی حالت تک پہنچ جاوے اور مشاہدہ اور رویت کی کیفیت اپنے اندر پیدا کر لے۔

اِسی طرح انسانی سعی اور کوشش نماز کے ادا کرنے میں اِس سے زیادہ کیا کر سکتی ہے کہ جہاں تک ہو سکے پاک اور صاف ہو کر اور نفی خطرات کر کے نماز ادا کریں اور کوشش کریں کہ نماز ایک گری ہوئی حالت میں نہ رہے اور اس کے جس قدر ارکان حمد وثنا حضرت عزّت اور توبہ واستغفار اور دُعا اور دُرود ہیں وہ دِلی جوش سے صادر ہوں لیکن یہ تو انسان کے اختیار میں نہیں ہے کہ ایک فوق العادت محبت ذاتی اور خشوع ذاتی اور محویت سے بھرا ہوا ذوق وشوق اور ہر ایک کدورت سے خالی حضور اُس کی نماز میں پیدا ہو جائے گویا وہ خدا کو دیکھ لے اور ظاہر ہے کہ جبتک نماز میں یہ کیفیت پیدا نہ ہو وہ نقصان سے خالی نہیں۔ اسی وجہ سے خدا تعالیٰ نے فرمایا کہ متقی وہ ہیں جو نماز کو کھڑی کرتے ہیں اور کھڑی وہی چیز کی جاتی ہے جو گرنے کے لئے مستعد ہے۔ پس آیت یقیمون الصّلوٰۃ کے یہ معنی ہیں کہ جہاں تک اُن سے ہو سکتا ہے نماز کو قائم کرنے کیلئے کوشش کرتے ہیں اور تکلف اور مجاہدات سے کام لیتے ہیں مگر انسانی کوششیں بغیر خدا تعالیٰ کے فضل کے بیکار ہیں۔ اس لئے اُس کریم ورحیم نے فرمایا ھُدًی لّلمتّقِیْن یعنی جہانتک ممکن ہو وہ تقویٰ کی راہ سے نماز کی اقامت میں کوشش کریں۔ پھر اگر وہ میرے کلام پر ایمان لاتے ہیں تو میں انکو فقط انہی کی کوشش اور سعی پر نہیں چھوڑونگا بلکہ میں آپ انکی دستگیری کرونگا۔ تب اُن کی نماز ایک اور رنگ پکڑ جائے گی اور ایک اور کیفیت اُن میں پیدا ہو جائیگی جو اُنکے خیال وگمان میں بھی نہیں تھی۔ یہ فضل محض اسلئے ہوگا کہ وہ خدا تعالیٰ کے کلام قرآن شریف پر ایمان لائے اور جہانتک اُن سے ہو سکا۔ اُس کے احکام کے مطابق عمل میں مشغول رہے۔ غرض نماز کے متعلق جس زائد ہدایت کا وعدہ ہے وہ یہی ہے کہ اس قدر طبعی جوش اور ذاتی محبت اور خشوع اور کامل حضور میسر آجائے کہ انسان کی آنکھ اپنے محبوب حقیقی کے دیکھنے کیلئے کھل جائے اور ایک خارق عادت کیفیت مشاہدہ جمال باری کی میسر آجائے جو لذات روحانیہ سے سراسر معمور ہو اور دُنیوی رذائل اور انواع واقسام کے معاصی قولی اور فعلی اور بصری اور سماعی سے دل کو متنفر کر دے۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 138)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا درس القرآن

رمضان المبارک کے مہینہ میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے درس القرآن روزانہ شام 5 بجے پاکستانی وقت کے مطابق نشر ہوا کریں گے۔ احباب کرام نوٹ فرما لیں اور ان دروس سے استفادہ فرمائیں۔

عبادتوں کے معیار

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے مجلس شوریٰ 2009ء کے لئے جو پیغام بھجوایا اس میں عبادتوں کے معیار بلند کرنے کی بطور خاص نصیحت فرمائی۔ آپ فرماتے ہیں:۔

سب سے بڑھ کر یہ کہ دعاؤں پر بہت زور اور توجہ دیں۔ یہ بہت بڑی ذمہ داری ہے۔ ہر احمدی کی اور خاص طور پر عہدیدار کی کہ جماعتی ترقی اور حالات کی بہتری کے لئے بہت دعائیں کریں۔ نہ صرف اپنی فرض عبادتوں کے معیار بلند کریں بلکہ نوافل سے بھی انہیں سجائیں۔ مالی قربانی میں تو ماشاء اللہ پاکستان کے احمدیوں نے دنیا کی تمام جماعتوں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے لیکن (بیوت الذکر) کی آبادی کی طرف توجہ کی بہت ضرورت ہے۔ اللہ اِس میں آپ کو صفِ اوّل میں کھڑا کر دے۔

(باقی صفحہ 12 پر)

سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

☆ مکرم ڈاکٹر عباس باجوہ صاحب آرتھوپیڈک سرجن

☆ مکرمہ ڈاکٹر آصفہ عباس باجوہ صاحبہ گائنا کالوجسٹ

دونوں ڈاکٹرز مورخہ 23 اگست 2009ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ کیلئے تشریف لائیں گے۔ احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ ان کی خدمات سے استفادہ کیلئے ہسپتال تشریف لائیں اور شعبہ پرچی روم سے اپنی رجسٹریشن کروا لیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 543

نونہالان جماعت کے فروغ علم کے لئے وسیع میدان

نظام خلافت کے طفیل کس طرح عرصہ سے نوجوانان احمدیت علم و معرفت کے میدانوں میں بڑھتے چلے جا رہے ہیں اس کی ایک مثال سیدی حضرت خلیفۃ ثالث کی مبارک زبان سے سنئے:۔

ایک بچہ یہاں تھا۔اس نے ایم ایس سی فزکس میں یونیورسٹی کا ریکارڈ توڑا۔اس کا خاندان اس کا خرچ نہیں برداشت کر سکتا تھا اس کا وہاں سارا خرچ پی ایچ ڈی کے لئے ہم نے مقرر کر دیا۔دیں گے۔یہ 1976ء کی بات ہے اس وقت وہاں میرے ہوتے ہوئے۔میں دورہ پر تھا،لندن میں تھا،جب وہ وہاں پہنچا،مجھے کہنے لگا آ کے ایک دن کہ مجھے جماعت نے وظیفہ دیا ہے پی ایچ ڈی کرنے کے لئے۔انگلستان کی کوئی یونیورسٹی مجھے پی ایچ ڈی میں داخل نہیں کر رہی۔وہ کہتے ہیں پہلے ایم ایس سی کرو۔ہمارا ملک شاید وہاں بدنام ہے یا کیا قصہ تھا واللہ اعلم،میں نے سوچا،میں نے اس کو کہا ٹھیک ہے۔میں نے کہا اگر یہ تمہیں داخل نہیں کر رہے تو ان کا حق ہے اس لئے کہ تمہیں اور تمہارے ذہن کو یہ پہچانتے نہیں۔وہ کہتے ہیں،نہیں داخل کرنا۔اپنے ملک کے بچے کی سیٹ تمہیں کیوں دے دیں،پی ایچ ڈی کی۔تو وہاں مشورہ کیا۔گلاسگو کی یونیورسٹی اس کو ایم ایس سی میں داخل کرنے کے لئے تیار تھی۔کچھ اور یونیورسٹیز سے بھی مشورہ کیا،انہوں نے کہا کہ گلاسگو کی یونیورسٹی زیادہ اچھی ہے۔میں نے اسے کہا میری طرف سے اجازت ہے تم کو۔ایم ایس سی میں جا کے داخل ہو جاؤ۔ساتھ ہی میں نے اسے یہ کہا کہ مجھے امید ہے کہ اللہ فضل کرے گا کہ چھ مہینے کے اندر اندر وہ تمہیں خود کہہ دیں گے کہ چلو جاؤ پی ایچ ڈی میں۔جب تمہارے ذہن کو پہچاننے لگیں گے،پھر وہ کہیں ٹھیک ہے،آؤ پی ایچ ڈی کرو۔تین مہینے کے بعد انہوں نے کہا بدل لو اپنا کورس۔ایم ایس سی کی بجائے پی ایچ ڈی کر لو اتنا ذہن تھا۔ابھی اس نے پی ایچ ڈی ختم نہیں کی تھی۔آکسفورڈ اور کیمرج دنیا کی چوٹی کی دو یونیورسٹیز ہیں۔انہوں نے اسے لیکچر دینے کے لئے بلانا شروع کر دیا اور ابھی امتحان اس نے پاس نہیں کیا تھا۔**تو ایسے ذہین جو ہیں ان کو ہم کیسے ضائع کر سکتے ہیں۔صرف اپنے فائدہ کے لئے نہیں، نوع انسانی کا یہ فائدہ ہے کہ ہر ذہن جو خدا تعالیٰ کی طرف سے عطا ہوا اس کی صحیح نشوونما کی جائے تا کہ نوع انسانی اس کائنات کی ہر شے سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کر سکے اور خدمت لے سکے۔"**

("خطبات ناصر" جلد ہشتم صفحہ 472-473)

سیدنا حضرت مصلح موعود کو احمدیت کی ہر نئی نسل کے علمی ارتقاء کا کس درجہ فکر دامنگیر تھا؟ اس کا انداز حضور انور کے ان اشعار سے بخوبی عیاں ہے

پانی کر دے علوم قرآں کو
گاؤں گاؤں کو ایک رازی بخش
روح فاقوں سے ہو رہی ہے نڈھال
ہم کو پھر نعمت حجازی بخش
ہوں جہاں گرد ہم میں پھر پیدا
سند باد اور جہازی بخش

مقصد پورا ہو چکا ہے

محترم مولانا محمد شفیع اشرف صاحب تحریر فرماتے ہیں۔

زمانہ طالب علمی میں ایک مرتبہ میں نے حضرت مولوی شیر علی صاحب سے انگریزی پڑھانے کی درخواست کی۔جسے آپ نے بخوشی منظور فرمایا۔

آپ ان دنوں دارالانوار کے (گیسٹ ہاؤس) میں ترجمۃ القرآن کا کام کرتے تھے۔میں بھی وہیں چلا جایا کرتا تھا۔ایک روز باہر سے کوئی رسالہ آیا اس کے پتے والے کاغذ پر ایک ٹکٹ ایسا بھی تھا۔جس پر ڈاکخانہ کی مہر نہیں لگی ہوئی تھی۔میں نے حضرت مولوی صاحب کی خدمت میں عرض کی کہ اس ٹکٹ پر مہر نہیں ہے۔آپ اگرچہ اس کاغذ کو ردی کی ٹوکری میں پھینک چکے تھے۔لیکن میرے اشارہ کرنے پر آپ نے اس ٹکٹ کو چاک کرتے ہوئے فرمایا۔کہ "اس ٹکٹ سے جو مقصد تھا وہ تو پورا ہو چکا ہے۔"

(سیرت شیر علی صفحہ 131)

دورہ نمائندہ مینیجر

مکرم مبشر احمد زاہد صاحب مربی سلسلہ نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل آجکل توسیع اشاعت اور بقایا جات کی وصولی کیلئے ضلع گوجرانوالہ کے دورہ پر ہیں تمام عہدیداران و احباب جماعت سے بھرپور تعاون کی درخواست ہے۔نیز کاروباری حضرات الفضل میں اشتہارات دیکر اپنے کاروبار کو فروغ دیں۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

مشعل راہ

اپنی جماعت کی محبت اور اخلاص پر تعجب کرتا ہوں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 17/اکتوبر 2003ء میں فرماتے ہیں۔

حضرت اقدس مسیح موعود کی بیعت میں ایک یہ شرط بھی ہے کہ ہم اب اس عہد کے ساتھ جماعت میں شامل ہوتے ہیں کہ بیعت کرنے کے بعد اب ہمارا اپنا کچھ نہیں رہا۔اب سارے رشتے اور تمام تعلقات صرف اس وقت تک ہیں جب تک کہ وہ نظام جماعت اور حضور اقدس کی ذات کے ساتھ وابستہ ہیں۔کوئی رشتہ،کوئی تعلق ہمیں حضور سے دور نہیں لے جا سکتا۔ہم تو اس در کے فقیر ہیں اور یہی ہمیں مقدم ہے۔پھر اس عہد کو نبھایا گیا اور خوب نبھایا۔اس کی بھی چند مثالیں پیش کرتا ہوں اور اکثر ایسے ہیں جن کو زمانے کے امام نے خود اپنے الفاظ میں زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں۔

"ایسا ہی ہمارے دلی محبّ مولوی محمد احسن صاحب امروہی جو اس سلسلہ کی تائید کے لئے عمدہ عمدہ تالیفات میں سرگرم ہیں اور صاحبزادہ پیر جی سراج الحق صاحب نے تو ہزاروں مریدوں سے قطع تعلق کر کے اس جگہ کی درویشانہ زندگی قبول کی اور میاں عبداللہ صاحب سنوری اور مولوی برہان الدین صاحب جہلمی،اور مولوی مبارک علی صاحب سیالکوٹی،اور قاضی ضیاء الدین صاحب قاضی کوٹی اور منشی چوہدری نبی بخش صاحب بٹالہ ضلع گورداسپور اور منشی جلال الدین صاحب یلانی وغیرہ احباب اپنی اپنی طاقت کے موافق خدمت میں لگے ہوئے ہیں۔میں اپنی جماعت کے محبت اور اخلاص پر تعجب کرتا ہوں کہ ان میں سے نہایت ہی کم معاش والے جیسے میاں جمال الدین خیر الدین اور امام الدین کشمیری میرے گاؤں کے قریب رہنے والے ہیں۔یہ تینوں غریب بھائی جو شاید تین آنہ یا چار آنہ روزانہ مزدوری کرتے ہیں سرگرمی سے ماہواری چندہ میں شریک ہیں۔ان کے دوست میاں عبدالعزیز پٹواری کے اخلاص سے بھی مجھے تعجب ہے کہ باوجود قلت معاش کے ایک دن سو روپیہ دے گیا کہ میں چاہتا ہوں کہ یہ خدا کی راہ میں خرچ ہو جائے۔وہ سو روپیہ اس غریب نے شاید کئی برسوں میں جمع کیا ہوگا مگر للّٰہی جوش نے خدا کی رضا کا جوش دلایا"۔

(انجام آتھم،روحانی خزائن جلد نمبر 11 صفحہ 313-314)

پھر آپ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے متعلق فرماتے ہیں:۔

"کثرت مال کے ساتھ کچھ قدر قلیل خدا کی راہ میں دیتے ہوئے تو بہتوں کو دیکھا مگر خود بھوکے پیاسے رہ کر اپنا عزیز مال رضائے مولیٰ میں اٹھا دینا اور اپنے لئے دنیا میں سے کچھ نہ بنانا یہ صفت کامل طور پر مولوی صاحب موصوف میں دیکھی............جس قدر ان کے مال سے مجھ کو مدد پہنچی ہے اس کی نظیر اب تک کوئی میرے پاس نہیں"۔

(نشان آسمانی۔روحانی خزائن جلد 4 صفحہ 407)

پھر حضرت خلیفۃ المسیح الاول،مولانا نور الدین صاحب نے حضرت مسیح موعود کی خدمت میں لکھا کہ:

"میں آپ کی راہ میں قربان ہوں۔میرا جو کچھ ہے،میرا نہیں آپ کا ہے۔حضرت پیرومرشد میں کمال راستی سے عرض کرتا ہوں کہ میرا سارا مال و دولت اگر دینی اشاعت میں خرچ ہو جائے تو میں مراد کو پہنچ گیا"۔

(فتح اسلام۔روحانی خزائن جلد 3 صفحہ 36)

(روزنامہ الفضل 16 فروری 2004ء)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

حضرت مسیح موعود کا عشق رسول ﷺ

مکرم جمیل احمد بٹ صاحب

ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ حسن و احسان میں درجہ کمال پر فائز تھے۔ آپ ایک ایسا وجود تھے جن سے محبت کے سوتے پھوٹتے اور ہر قریب آنے والے کو سیراب کرتے اور جو بھی یوں فیضیاب ہوتا اس کے لئے اس قرآنی حکم پر عمل کرنا عین راحت ہو جاتا۔

''تو کہہ دے میں اپنی خدمت کے بدلے میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا۔ سوائے اس محبت کے جو اپنے قریب ترین رشتہ داروں سے کی جاتی ہے۔''

(الشوریٰ:24)

اسی لئے وہ سب لوگ جو آپ کے گرد جمع ہوئے وہ آپ کے عشق میں گرفتار رہے۔ آپ کے قریب رہنے اور آپ کی باتیں سننے کے ایسے شیدائی کہ گھر بار چھوڑ کر اصحاب صفہ بن گئے مطیع ایسے کہ اس حکم پر بھی عامل ہوئے جس کے مخاطب وہ نہ تھے، آپ کی عافیت کے ایسے طلبگار کہ یہ بھی پسند نہ کیا کہ اپنی جان کے بدلے آقا کے پاؤں میں کانٹا بھی چبھے۔ اپنے باپ، بھائی، بیٹے اور شوہر کی زندگی پر اس خبر کو مقدم سمجھا کہ آپ خیریت سے ہیں۔ آپ کے آگے پیچھے، دائیں بائیں حفاظتی دیوار بنے رہے اور انتہا یہ کہ جب آپ اپنے رب کے حضور حاضر ہو گئے تو محبت کے یہ مارے ایسے دیوانے ہوئے کہ ایک ہوش مند نے تلوار کھینچ لی کہ کوئی اس تلخ حقیقت کو زبان پر نہ لائے۔ غرضیکہ عشاق کا یہ ایک ایسا گروہ تھا جو اپنی مثال آپ ہے۔

حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی مسیح و مہدی موعود نے آنحضرت ﷺ سے بے مثل محبت کی۔

☆ یہ خدائی تقدیر تھی کہ آپ کا نام احمد کا غلام رکھا گیا اور پیدائش کی گھڑی کے ساتھ ہی عشق رسولؐ آپ کا راستہ ٹھہرا۔ آپ اس راستہ پر تیزی سے آگے بڑھے۔ آپ کا لڑکپن اور جوانی اس عشق سے یوں معطر رہے کہ جس نے دیکھا اعتراف کیا۔ آپ کے بڑے بیٹے مرزا سلطان احمد صاحب نے یہ شہادت دی کہ:۔

''آنحضرت ﷺ کے خلاف والد صاحب ذرا سی بھی بات برداشت نہیں کر سکتے تھے۔ اگر کوئی شخص آنحضرتؐ کی شان کے خلاف ذرا سی بات بھی کہتا تو والد صاحب کا چہرہ سرخ ہو جاتا تھا اور غصہ سے آنکھیں متغیر ہونے لگتی تھیں اور فوراً ایسی مجلس سے اٹھ کر چلے جاتے تھے۔

آنحضرت ﷺ سے تو والد صاحب کو عشق تھا ایسا عشق میں نے کسی شخص میں نہیں دیکھا۔ مرزا سلطان احمد صاحب نے اس بات کو بار بار دہرایا۔''

(سیرت المہدی حصہ اول)

☆ آنحضرت ﷺ سے محبت کا لازمی قرینہ آپ پر درود و سلام بھیجنا ہے۔ حضرت مسیح موعود اس کا اس قدر التزام رکھتے کہ اسی دور میں آپ پر یہ واقعہ گزرا۔ فرمایا:

''ایک رات اس عاجز نے اس کثرت سے درود شریف پڑھا کہ دل و جان اس سے معطر ہو گیا۔ اس رات خواب میں دیکھا کہ فرشتے آب زلال کی شکل پر نور کی مشکیں اس عاجز کے مکان میں لئے آتے ہیں اور ایک نے ان میں کہا کہ یہ وہی برکات ہیں جو تو نے محمد ﷺ کی طرف بھیجی تھیں۔''

(براہین احمدیہ روحانی خزائن جلد1 صفحہ 576)

☆ آنحضرت ﷺ سے آپ کے ذاتی عشق کا اظہار کئی رنگ میں بار بار ہوا۔ مثلاً محبت سے بھیگی ہوئی آنکھیں۔ آپ کے صاحبزادے حضرت مرزا بشیر احمد صاحب یوں گواہی دیتے ہیں۔

''یہ خاکسار حضرت مسیح موعود کے گھر میں پیدا ہوا اور میں آسمانی آقا کو حاضر و ناظر جان کر کہتا ہوں کہ میرے دیکھنے میں کبھی ایسا نہیں ہوا کہ آنحضرت ﷺ کے ذکر پر بلکہ محض نام لینے پر ہی حضرت مسیح موعود کی آنکھوں میں آنسوؤں کی جھلی نہ آ گئی ہو۔

آپ کے دل و دماغ بلکہ سارے جسم کا رواں رواں اپنے آقا حضرت سرور کائنات فخر موجودات ﷺ کے عشق سے معمور تھا۔''

(سیرت طیبہ صفحہ 29 از حضرت مرزا بشیر احمد صاحب)

اور اس خواہش کا اظہار:

ایک ساتھی نے روایت کیا کہ وہ باہر سے بیت الذکر میں آئے تو دیکھا حضرت مسیح موعود اکیلے ٹہل رہے ہیں۔ کچھ گنگناتے جاتے ہیں اور آپ کی آنکھوں سے آنسوؤں کا تار بندھا ہوا ہے۔

قریب ہو کر سنا تو حضرت حسان بن ثابتؓ کا یہ شعر زیر لب تھا جو انہوں نے آنحضرت ﷺ کی وفات پر کہا تھا۔

ترجمہ: تو میری آنکھ کی پتلی تھا جو آج تیری وفات کی وجہ سے اندھی ہو گئی ہے اور اب تیرے بعد جو چاہے مرے مجھے تو صرف تیری موت کا ڈر تھا۔

راوی نے گھبرا کے پوچھا حضرت کیا بات ہے؟

حضرت مسیح موعود نے فرمایا:

میں اس وقت یہ شعر پڑھ رہا تھا اور میرے دل میں یہ آرزو پیدا ہو رہی تھی کہ کاش یہ شعر میری زبان سے نکلتا!'' (سیرت طیبہ)

اور یہ واقعہ:

ایک بار گھریلو ماحول میں حج کا ذکر شروع ہو گیا اور خاندان کے ایک بزرگ نے سفر کی سہولتوں کے پیش نظر یہ خواہش کی کہ حج کو چلنا چاہئے۔ زیارت حرمین شریفین کے تصور سے یکدم حضرت مسیح موعود کی آنکھیں بھر آئیں۔ آپ نے آنسو پونچھتے ہوئے فرمایا:

''یہ تو ٹھیک ہے اور ہماری بھی دلی خواہش ہے مگر میں سوچتا ہوں کہ کیا میں آنحضرت ﷺ کے مزار کو دیکھ بھی سکوں گا۔'' (سیرت طیبہ)

☆ شعر محبت کے اظہار کا ایک مؤثر ذریعہ ہیں۔ حضرت مسیح موعود نے عشق رسولؐ میں اپنے دلی جذبات کے اظہار کے لئے اس واسطے کو بھی خوب استعمال کیا اور اردو فارسی اور عربی زبان میں لافانی شعر کہے مثلاً:

ربط ہے جانِ محمدؐ سے مری جاں کو مدام
دل کو وہ جام لبالب ہے پلایا ہم نے
وہ پیشوا ہمارا جس سے ہے نور سارا
نام اس کا ہے محمدؐ دلبر مرا یہی ہے
تیری الفت سے ہے معمور مرا ہر ذرہ
اپنے سینہ میں یہ اک شہر بسایا ہم نے

فارسی اشعار کا ترجمہ

واللہ اگر آپ کے راستہ میں ٹکڑے ٹکڑے کر دیا جاؤں اور میرے وجود کو جلا کر راکھ کر دیا جائے تب بھی میں آپ کے در سے منہ نہ موڑوں گا۔ اے محمدؐ کی جان! تجھ پر میری جان قربان کہ تو نے میرے وجود کو اپنے عشق سے منور کر رکھا ہے۔

در رہ عشق محمد ایں سر و جانم رود
ایں تمنا ایں دعا ایں در دلم عزم صمیم

(توضیح مرام۔ روحانی خزائن جلد3 صفحہ 63)

ترجمہ: میرے دل میں یہی تمنا، یہی دعا اور یہی پختہ ارادہ ہے کہ عشق محمدؐ کے راستہ میں جان اور اپنا سر پیش کر دوں۔

بعد از خدا بعشق محمدؐ مخمرم
گر کفر ایں بود بخدا سخت کافرم

(ازالہ اوہام۔ روحانی خزائن جلد3 صفحہ 185)

ترجمہ: میں خدا کے بعد محمد ﷺ کے عشق میں مست ہوں اگر یہ کفر ہے تو خدا کی قسم میں سخت کافر ہوں۔

یا حِبِّ انک قد دخلت محبۃ
فی مہجتی و مدارکی و جنانی
جسمی یطیر الیک من شوق علا
یا لیت کانت قوۃ الطیران

(آئینہ کمالات اسلام۔ روحانی خزائن جلد5 صفحہ 594)

ترجمہ: اے میرے محبوب تیری محبت رگ و ریشہ میں اور میرے دل میں اور میرے دماغ میں رچ چکی ہے۔ میری روح تو تیری ہو چکی ہے مگر میرا جسم بھی تیری طرف پرواز کرنے کی تڑپ رکھتا ہے۔ اے کاش! مجھ میں اڑنے کی طاقت ہوتی۔

☆ محبوب کے لئے غیرت، محبت کا ایک لازمہ ہے۔ بدزبان عیسائیوں اور آریوں کے رسول اللہ ﷺ پر ناپاک حملے آپ کو بہت دکھ دیتے اور درد بھرے دل سے بے ساختہ یہ صدا نکلتی

''خدا کی قسم اگر میری ساری اولاد اور اولاد کی اولاد میرے سارے دوست اور معاون و مددگار میری آنکھوں کے سامنے قتل کر دیئے جائیں اور خود میرے اپنے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دیئے جائیں اور میری آنکھ کی پتلی نکال پھینکی جائے اور میں اپنی تمام مرادوں سے محروم کر دیا جاؤں اور اپنی تمام خوشیوں اور آسائشوں کو کھو دوں۔ تو ان ساری باتوں کے مقابل پر میرے لئے یہ صدمہ زیادہ بھاری ہے کہ رسول کریم ﷺ پر ناپاک حملے کئے جائیں۔''

(ترجمہ از عربی آئینہ کمالات اسلام۔ روحانی خزائن جلد5 صفحہ 15)

''میں سچ کہتا ہوں کہ ہم شورہ زمین کے سانپوں اور بیابانوں کے بھیڑیوں سے صلح کر سکتے ہیں لیکن ان لوگوں سے ہم صلح نہیں کر سکتے جو ہمارے پیارے نبیؐ پر جو ہمیں اپنی جان اور ماں باپ سے بھی پیارا ہے ناپاک حملے کرتے ہیں۔''

(پیغام صلح روحانی خزائن۔ جلد23 صفحہ 459)

اسی غیرت کا اظہار کردہ واقعہ تھا جب آپ نے رسول اللہ ﷺ کے خلاف بدزبانی کرنے والے ایک دشمن لیکھرام نامی کے سلام کرنے پر یہ کہہ کر منہ پھیر لیا کہ ہمارے آقا کو تو گالیاں دیتا ہے اور ہمیں سلام کرتا ہے۔

☆ آقا سے محبت کا ایک لازمی نتیجہ یہ نکلا کہ آپ نے ان تمام افراد سے بھی محبت کی جو آنحضرت ﷺ سے قریب تھے یا جو قربت کے دعویدار تھے۔ ان میں اصحاب رسولؐ، آل رسولؐ اور امت رسولؐ سب شامل ہیں۔ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کے بارے میں آپ کا مسلک یہ ہے:

''رسول اللہ ﷺ کو جو جماعت ملی وہ ایسی پاکباز اور خدا پرست اور مخلص تھی کہ اس کی نظیر کسی دنیا کی قوم اور کسی نبی کی جماعت میں ہرگز نہیں پائی جاتی۔''

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 60)

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین آنحضرت ﷺ کی سیرت کے روشن ثبوت ہیں .... پس وہی شخص آنحضرت ﷺ کی سچی قدر کر سکتا ہے جو صحابہ کرام کی قدر کرتا ہے .... یہ کبھی نہیں ہو سکتا کہ آنحضرت ﷺ سے محبت ہو اور پھر صحابہؓ سے دشمنی۔''

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 527)

آل رسول سے محبت کا اظہار اس واقعہ سے خوب ہوتا ہے جو آپ کی صاحبزادی نے یوں روایت کیا ہے:

''ایک بار محرم کے دنوں میں آپ نے مجھے اور چھوٹے بھائی کو اپنے پاس بلایا اور فرمایا آؤ میں تمہیں محرم کی کہانی سناؤں۔

پھر حضرت امام حسینؓ کی شہادت کے واقعات سنائے۔ سناتے جاتے اور آنکھوں سے بہتے آنسو پونچھتے جاتے۔ آخر میں بڑے دکھ سے فرمایا:

''یزید پلید نے یہ ظلم ہمارے نبی کریمؐ کے نواسے

پر کروایا مگر خدا نے بھی ان ظالموں کو بہت جلد اپنے عذاب میں پکڑ لیا۔‘‘

محبت کے اس باب میں آپ کا مسلک اس شعر سے نمایاں ہے

جان و دلم فدائے جمال محمد است
خاکم نثار کوچہ آل محمد است

اپنے مخالفین کے لئے بھی آپ صرف اس لئے محبت کا دامن وا رکھتے کہ وہ بھی آنحضورؐ سے محبت کے دعویدار ہیں جیسا کہ آپ کے اس شعر سے ظاہر ہے۔

اے دل تو نیز خاطر ایناں نگاہ دار
کاخر کنند دعویٰ حب پیمبرم

(ازالہ اوہام۔روحانی خزائن جلد3 صفحہ 182)

ترجمہ: اے میرے دل تو ان کا خیال رکھ کیونکہ یہ لوگ بھی میرے پیغمبر رسول ﷺ سے محبت کا دعویٰ کرتے ہیں۔

☆ آنحضرت ﷺ سے حضرت مسیح موعود کی محبت کا ایک مسلسل اظہار وہ جدوجہد تھی جو آپ نے اس پیغام کے دفاع اور اشاعت کے لئے کی جو رسول اللہ ﷺ کے ذریعہ دنیا کو عطا ہوا۔ دین حق کے دفاع میں آپ نے عظیم جہاد کیا اور تمام غیر مذاہب کو ہر طرح للکارا۔ مقابلے، مباحثے، مناظرے، مباہلے، انعامات کی پیش کش، عذاب کی پیش خبریاں، غرضیکہ کوئی طریق نہ چھوڑا اور سب پر اتمام حجت کر دی۔

آئندہ کے لئے ایک عظیم علم کلام چھوڑا۔ اس کام کو جاری رکھنے کے لئے آپ نے جو جماعت بنائی اس کا دامن بھی حبِ رسول سے باندھا اور دس شرائط بیعت میں یہ دو شرطیں بھی شامل کیں۔

سوم............ حتی الوسع............ اپنے نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنے............ میں مداومت اختیار کرے گا۔

ششم: اور قال اللہ اور قال الرسول کو اپنی ہر ایک راہ میں دستور العمل قرار دے گا۔

☆ محبت انسان کو محبوب جیسا بننے پر اکساتی ہے۔ حضرت مسیح موعود کی زندگی اس جہت سے بھی عشق رسول کا ایک عجیب رنگ رکھتی ہے۔ آپ نے اپنے ہر قول و فعل میں اپنے آقا کی متابعت کا خیال رکھا۔ آپ کی حیات کا ورق ورق سیرت رسول ﷺ کے نور سے روشن نظر آتا ہے اور یوں لگتا کہ اطاعت رسول آپ کے مزاج کا ایک لازمی حصہ بن چکی تھی اور اس سے ہٹ کر آپ نہ کچھ سوچتے، نہ بولتے اور نہ کرتے۔ چنانچہ آپ کا حسن خلق، حسن معاملہ، سچائی، عدل وانصاف، جودوسخا، ایثار، مہمان نوازی، سادگی و بے تکلفی، مساوات، تواضع، اپنے ہاتھ سے کام کرنا، عزم واستقلال، شجاعت، ایفائے عہد، عفوو درگزر، دوست داری، محنت ومشقت، شفقت ومحبت، عیادت و تعزیت، عبادت و ریاضت، غرضیکہ سب کا سب آقا کے طریق کے مطابق تھا۔ فرمایا

’’میرے لئے اس نعمت کا پایا جانا ممکن نہ تھا اگر میں اپنے سید و مولا فخر الانبیاء اور خیر الوریٰ حضرت محمد مصطفیٰؐ کی پیروی نہ کرتا سو میں نے جو کچھ پایا اس کی پیروی سے پایا۔‘‘

(حقیقۃ الوحی۔روحانی خزائن جلد22 صفحہ 64)

ایں چشمہ رواں کہ بخلق خدا دہم
یک قطرہ ز بحر کمال محمد است

ترجمہ: یہ روحانی خزائن جو میں خدا کی مخلوق کو دے رہا ہوں یہ رسول اللہ ﷺ کے دریائے کمال کا صرف ایک قطرہ ہے۔

محبت کی یہ داستان خوب ہے اور یہ بیان دلوں کو گرماتا ہے اور اس احساس کو تازہ کرتا ہے کہ عشق رسولؐ کا یہ نمونہ سب کے لئے راہنما ہے۔ ہمارے لئے بھی یہی راستہ ہے کہ ہم اپنے دلوں کو عشق رسول سے بھر لیں ہماری آنکھیں اس احساس محبت سے تر رہیں۔ ہمارے لب اس آقا پر درود بھیجنے سے نہ تھکیں اور ہمارے وجود اطاعت رسولؐ سے ذرہ برابر منحرف نہ ہوں ہم اپنے اندر محبت رسول کی ایسی لو لگائیں کہ ہمارے وجود منور ہو جائیں اور ہمارے اردگرد سب کو اسی روشنی میں راستہ ملے تاکہ اللہ کی طرف ہماری دعوت میں بھی تازگی، حرارت اور برکت پیدا ہو۔ جیسا کہ فرمایا گیا۔ کل برکۃ من محمد ﷺ تمام برکتیں محمد رسول اللہ ﷺ میں ہیں اللہ کرے کہ ہماری جھولیاں ان برکتوں سے سدا بھری رہیں۔ آمین

☆......☆......☆

مکرم رانا مبارک احمد صاحب

خلافت کی برکات اوراس کے ثمرات کی حسین یادیں

اللہ تعالیٰ کی طرف سے خلافت ایک عظیم نعمت ہے جس کے مقابلہ میں کوئی نعمت نہیں اور خلافت اللہ تعالیٰ کا وہ نظام ہے جو بے شمار برکات اپنے اندر رکھتا ہے جس کو کسی بھی زاویے سے دیکھیں اس میں برکات ہی برکات نظر آتی ہیں اور ان برکات کے ختم ہونے کی کوئی حد نہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا اپنے بندوں پر اتنا بڑا انعام ہے وہ کسی طرح بھی اس کا شکر ادا نہیں کر سکتے۔ یہ الٰہی نظام ہے اور اللہ تعالیٰ سے تعلق پیدا کرنے کا ذریعہ ہے۔ جو ہمیں خلافت کے ذریعہ سے ملتا ہے۔ یہ خلافت کی ہی برکت ہے اور جماعت کو ایک ایسی ہستی مل جاتی ہے۔ جس کا تعلق رب عظیم سے ہوتا ہے۔ اس کو خلیفہ کا نام دیا گیا ہے اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت اس کے شامل حال ہوتی ہے۔ اس لئے اس کے منہ سے نکلی ہوئی آواز چاہے وہ چھوٹی ہو یا بڑی اس کو پورا کر دیتا ہے۔ کیونکہ وہ دن ہو یا رات رب العزت کے حضور دعائیں کرتا رہتا ہے اور جو اس کو قبول کرتا ہے اور جماعت ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہتی ہے اور کامیابیوں اور کامرانیوں سے ہمکنار رہتی ہے۔ نظام خلافت کی ایک برکت یہ بھی ہے کہ لوگ ہر زمانے میں برکات رسالت سے مستفید ہوتے ہیں۔ کیونکہ وہ برکات جو رسولوں سے وابستہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو تاقیامت جاری رکھنے کے لئے خلافت کو ضروری قرار دیا ہے۔

خاکسار چند ایک برکات تحریر کرتا ہے۔

1۔خلافت جماعتی اتحاد کا ذریعہ ہے۔

2۔قیام توحید اور تمکین دین خلافت کی سب سے بڑی برکت ہے۔

3۔خلیفہ وقت کو اللہ تعالیٰ کی بھرپور تائید ہوتی ہے۔

4۔خلافت بندے کا اپنے رب سے تعلق قائم کرنے کا واحد ذریعہ ہے۔

5۔ہم سب کو خلافت سے رہنمائی ملتی ہے۔

6۔خلافت کی برکات یہ بھی ہیں کہ جماعت تمام آفات سے بچ جاتی ہے۔

اب خاکسار چند سنہری یادیں جو خلافت سے تعلق رکھتی ہیں اس کا ذکر خیر کرنا چاہتا ہے۔ جو احباب جماعت کے لئے دلچسپی کا باعث ہوں گی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رتن باغ لاہور میں رہائش رکھتے تھے خاکسار مجلس خدام الاحمدیہ دھرم پورہ میں رہائش رکھتا تھا۔ رات کو ہماری رتن باغ میں ڈیوٹی ہوتی تھی۔ رات بھر ڈیوٹی دیتے پھر فجر کی نماز حضور کی امامت میں ادا کرتے کبھی کبھی حضور سے شرف ملاقات کا بھی موقعہ مل جاتا۔ حضور ڈیوٹی دینے والے خدام کا خاص خیال رکھتے اور خاص ناشتہ بھجواتے اس طرح یہ حسین یادگار دن بن گئے۔

خاکسار کو 1964-65ء سے 1976ء تک بہاولپور میں بطور جنرل سیکرٹری و سیکرٹری مال جماعت احمدیہ بہاولپور خدمت کی توفیق ملتی رہی۔ ایک واقعہ خاکسار کو یاد ہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ربوہ سے سندھ دورے پر بذریعہ چناب ایکسپریس تشریف لے جا رہے تھے راستہ میں ٹرین بہاولپور سٹیشن پر رکتی تھی۔ اتفاق کی بات ہے یا اللہ تعالیٰ کی مہربانی چناب ایکسپریس کو کسی اور ٹرین کا کراس پڑ گیا جس کی وجہ سے ٹرین کافی دیر رکی رہی۔ بہاولپور کی ساری جماعت حضور سے ملاقات کے لئے آئی ہوئی تھی۔ گاڑی کھڑی ہونے کے بعد حضور ٹرین کے دروازے پر کھڑے ہو گئے۔ محترم امیر صاحب مصافحہ کرواتے اور ساتھ تعارف بھی کرواتے۔ جب میری باری آئی تو نام بتایا حضور مسکرا کر فرمانے لگے کہ یہ ہیں رانا صاحب ان کے تو مجھے بہت ہی دعاؤں کے خط آتے ہیں اور بہاولپور جماعت کی کارکردگی کی رپورٹیں ملتی ہیں اللہ تعالیٰ ان کو جزا دے۔ میں ان کے لئے بھی دعائیں کرتا ہوں۔ احباب جماعت حضور سے ملاقات کرتے رہے عجیب نظارہ تھا جو آج تک مجھے یاد ہے۔

ایک دفعہ کی بات ہے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایبٹ آباد میں قیام فرما تھے۔ خاکسار بہاولپور میں تھا۔ پروگرام بنا کہ بچوں کے ساتھ ایبٹ آباد جا کر حضور سے ملاقات کی جائے چنانچہ بچوں کو ساتھ لے کر لاہور آیا اور وہاں سے ایبٹ آباد ساری رات سفر میں رہے صبح 11 بجے کے قریب ایبٹ آباد پہنچ گئے۔ محترم پرائیویٹ سیکرٹری صاحب سے عرض کی کہ ہم نے حضور سے ملاقات کرنی ہے۔ پرائیویٹ سیکرٹری صاحب فرمانے لگے اب مشکل ہے کیونکہ لسٹ اندر جا چکی ہے درخواست کی کہ چٹ اندر بھیج دیں قسمت ہوئی تو ملاقات ہو جائے گی۔ چٹ دیکھنے کے بعد حضور نے ازراہ شفقت اندر بلوا لیا۔ پھر آدھا گھنٹہ تک حضور سے باتیں ہوتی رہیں۔ خاکسار کی بیگم بھی ساتھ تھیں۔ عرض کی کہ حضور دعا کریں اللہ تعالیٰ مجھے بیٹا دے کیونکہ بچے پیدائش کے بعد ضائع ہو جاتے ہیں حضور نے فرمایا دعا کروں گا۔ اللہ تعالیٰ نے حضور کی دعاؤں کو قبول کر لیا اور پورے 9 ماہ کے بعد اللہ تعالیٰ نے دوسرا بیٹا اور اس کے بعد دو اور بیٹے دیئے۔

ایک دفعہ جماعت احمدیہ شہر و ضلع کا گروپ فوٹو حضور کے ساتھ ہوا۔ تو پیارے حضور نے خاکسار کو اپنے ساتھ ازراہ شفقت بٹھایا۔ آج بھی وہ حسین لمحات یاد ہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا ایک واقعہ ہے کہ حضور ماہ جنوری 1983ء میں لاہور تشریف لائے اور حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب کی کوٹھی پر قیام فرمایا۔ سوال و جواب کے علاوہ احباب جماعت سے ملاقات کی اجازت عطا فرمائی قطاروں میں ملاقات ہو رہی تھی۔ خاکسار سیدھا اپنے دفتر سے اور بچوں رانا منصور احمد صاحب، رانا منظور احمد صاحب، رانا مقصود احمد اور عطاء النور کو گھر سے بلوا لایا۔ قطار میں کھڑے تھے جب ہماری باری آئی تو حضور فرمانے لگے کہ رانا صاحب خود تو موٹے ہو گئے ہو اور آپ کے بچے سوکھے ہیں۔ حضور مسکراتے رہے اس پر سب احباب بھی مسکرا دیئے۔ حضور نے فرمایا میں بچوں کے لئے دعا کروں گا۔ ان کو کبھی کچھ کھلایا کرو۔ ملاقات کے بعد بچوں کو پھل وغیرہ خوب کھلایا اور پھر حضور انور کو خط لکھا۔ حضور آپ کے ارشاد کے مطابق خوب کھلایا ہے۔ حضور آئندہ بھی کھلاتا رہوں گا۔ آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے اللہ تعالیٰ نے عزیزم رانا منظور احمد صاحب کو ایک ہوٹل بھی دے دیا ہے اور حضور کی دعاؤں سے صحت مند اور چھ چھ فٹ تقریباً ان کے قد ہیں یہ ہیں خلافت کے ثمرات اور ان کی حسین یادیں اور اس کی بے شمار برکات اور خلافت کی دعائیں۔ یہ خلافت کی ہی برکت کا نتیجہ ہے۔ الغرض نظام خلافت وہ مبارک اور بابرکت سلسلہ جو اپنے اندر بے شمار برکات رکھتا ہے ان برکات کا تفصیلی ذکر کرنا چند الفاظ میں مشکل ہے بلکہ ناممکن ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں خلافت کی اطاعت نصیب کرے آمین جو دنیا بھر میں سب سے بڑی نعمت ہے۔ ادھر دعا کا خط لکھا ادھر اللہ تعالیٰ نے دعا کو قبول کر لیا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول اور لاہور

علم و عمل تقویٰ وطہارت، توکل اور اطاعت امام کے عنوان پر جب کبھی کچھ لکھا یا سوچا جائے گا تو ذہن کے ہر گوشہ سے سیدنا حاجی حضرت مولانا نورالدین کی قد آور اور حسین شخصیت ابھر کر سامنے آئے گی۔ آپ کی سیرت کا یہ بے پناہ حسن ہی تھا جس کو دیکھ کر سیدنا حضرت مسیح موعود نے فرمایا تھا:

چہ خوش بودے اگر ہر یک زامت نوردیں بودے
ہمیں بودے اگر ہر دل پُر از نورِ یقیں بودے

کیا ہی اچھا ہوتا کہ امت کا ہر فرد نوردین کا مقام حاصل کر لیتا۔

آپ کی روحانی اور علمی شخصیت کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ جب حضرت مسیح موعود نے خدا کے حضور یہ التجا کی کہ اپنے حضور سے مجھے وہ مددگار عطا فرما جو میرا دست و بازو بن کر میرا ساتھ دے۔ سیدنا حضرت نورالدین پہلی بار مسیح پاک کے دربار میں حاضر ہوئے تو آپ پر پہلی نگاہ پڑتے ہی حضرت مسیح موعود کے دل سے یہ صدا نکلی کہ: ھذا دعائی

یعنی یہ وہ مردِ مومن ہے جو میری دعا کے نتیجہ میں خدا نے مجھے عطا فرمایا ہے۔

لاہور شہر اس اعتبار سے بہت ہی خوش قسمت ہے کہ سیدنا حضرت مولانا نورالدین کا بچپن سے لے کر آخری عمر تک لاہور سے ایک مضبوط اور گہرا تعلق رہا ہے اور اہل لاہور نے آپ کے مواعظ حسنہ سے بہت فیض حاصل کیا ہے۔ ہم درج ذیل سطور میں اس تعلق کی کچھ جھلکیاں قارئین کی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔

لاہور میں پہلی تشریف آوری

لاہور میں آپ پہلی بار 12 سال کی عمر میں اپنے بڑے بھائی مولوی سلطان احمد صاحب کے ساتھ تشریف لائے تھے۔ آپ کے بڑے بھائی کا لاہور میں ایک مطبع، مطبع قادری کے نام سے حویلی کابلی مل میں تھا۔ لاہور تشریف لانے کے چند دن بعد ہی آپ خناق کے مرض سے بیمار ہو گئے۔ آپ کو علاج کی غرض سے لاہور کے ایک مشہور حکیم غلام دستگیر لاہوری کے پاس لے جایا گیا اور ان کے علاج سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو شفا بخش دی۔

یہی وہ موقع تھا جب پہلی بار آپ کو یونانی طب سے تعارف حاصل ہوا اور طبیب بننے کا جذبہ بھی پیدا ہوا۔ شاید بہت کم لوگوں کو اس بات کا علم ہو کہ جہان طب کے اس مایہ ناز فرزند کے ذوق طب نے لاہور ہی میں جنم لیا تھا۔

ایک عظیم شہادت

1892ء کی بات ہے حضرت مسیح موعود نے لاہور میں منشی پیراں بخش صاحب کی کوٹھی کے احاطے میں ہزاروں حاضرین کے سامنے ایک نہایت پُر معارف تقریر فرمائی۔ اس تقریر کے بعد آپ نے سیدنا حضرت مولانا نورالدین سے فرمایا آپ بھی کچھ تقریر کریں۔ اس ارشاد کی تعمیل میں آپ نے اہل لاہور کے سامنے بآواز بلند پڑھ کر حضرت مسیح موعود کی صداقت کی گواہی دیتے ہوئے فرمایا:

’’آپ نے مرزا صاحب کا دعویٰ اور اس کے دلائل آپ کی زبان سے سنے اور اللہ تعالیٰ کے ان وعدوں اور بشارتوں کو بھی سنا جو ان مخالف حالات میں اللہ تعالیٰ نے آپ کو دی ہیں۔ تمہارے اس شہر والے مجھے اور میرے خاندان کو جانتے ہیں۔ علماء بھی مجھ سے ناواقف نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے قرآن کا فہم دیا ہے۔ میں نے بہت غور مرزا صاحب کے دعویٰ پر کیا ہے اور اللہ تعالیٰ سے دعائیں کی ہیں۔ آپ کی خدمت (دینی) کو دیکھا اور آپ کی مخالفت کرنے والوں کے حالات پر غور کیا تو قرآن مجید نے میری راہنمائی فرمائی۔ میں نے دیکھا کہ آپ سے پہلے آنے والوں کا مقابلہ جس طرح پر کیا گیا، وہی اب ہو رہا ہے۔ گویا اس پرانی تاریخ کو دہرایا جا رہا ہے۔ میں .... پڑھ کر کہتا ہوں کہ مرزا حق پر ہے اور اس حق سے ٹکرانے والا پاش پاش ہو جائے گا۔ مومن حق کو قبول کرتا ہے۔ میں نے حق کو سمجھ کر اسے قبول کیا ہے...... آپ کو بھی اس حق کی دعوت دیتا ہوں۔

(حیات نور ص165-166)

جلسہ اعظم مذاہب میں شرکت

1896ء میں جلسہ اعظم مذاہب لاہور میں منعقد ہوا۔ اس کے چھ ماڈریٹرز صاحبان میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاول بھی شامل تھے۔ اس جلسہ میں آپ نے دو مختصر تقریریں فرمائیں۔ جس میں سورۃ الناس کی نہایت لطیف تشریح فرمائی۔ اگست 1904ء میں جب آپ سیدنا حضرت مسیح موعود کے ارشاد پر لاہور تشریف لائے تو 2 ستمبر کو خطبہ جمعہ میں سورۃ کوثر کی نہایت پُر معارف تشریح فرمائی۔

1908ء میں جب حضرت مسیح موعود اپنے آخری سفر میں لاہور تشریف لائے تو قیام زیادہ ہو جانے کی وجہ سے آپ نے حضرت مولانا نورالدین کو بھی لاہور بلوا لیا۔ آپ نے لاہور تشریف لا کر درس قرآن کریم کا سلسلہ جاری فرمایا۔ اسی سفر کے دوران میں 26 مئی 1908ء کو لاہور میں سیدنا حضرت مسیح موعود کا وصال ہوا۔ حضور کا جنازہ قادیان لے جایا گیا اور 27 مئی 1908ء کو قریباً بارہ سو احباب کی موجودگی میں جن میں ایک خاصی تعداد باہر کے مقامات سے آئی ہوئی تھی، حضرت مولانا نورالدین کو حضرت مسیح موعود کا پہلا جانشین منتخب کیا گیا۔ اس طرح حضرت مسیح موعود کا وہ الہام پورا ہوا کہ ’’ستائیس کو ایک واقعہ ہمارے متعلق‘‘ انتخاب خلافت اور بیعت کے بعد آپ نے حضرت مسیح موعود کی نماز جنازہ پڑھائی جس کے بعد بہشتی مقبرہ قادیان میں حضور کی تدفین عمل میں آئی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول کا انتخاب تمام حاضر الوقت احمدیوں، حضرت مسیح موعود کے خاندان کے جملہ افراد اور صدر انجمن احمدیہ کے تمام معتمدین کی کامل اتفاق رائے سے عمل میں آیا۔ یوں 27 مئی 1908ء کو بدھ کے روز آپ مسند خلافت پر متمکن ہوئے۔

خلافت کے بعد

پہلا سفر لاہور

24 جولائی 1910ء کو ملتان میں ایک مقدمہ میں شہادت دینے کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الاول کو جانا پڑا۔ اس موقع پر حضور نے ایک رات لاہور میں قیام فرمایا۔ اس وقت ایک شخص نے عرض کیا کہ ’’میری کچھ اولاد پاگل ہے اور کچھ نالائق ہے‘‘ حضور نے فرمایا ’’خیرات کرو اور دعا کرو اور استغفار کرتے رہا کرو اور ہرگز نہ تھکو اور اللہ تعالیٰ سے ناامید نہ ہو‘‘

جون 1912ء کا سفر لاہور

سیدنا حضرت مسیح موعود نے مکرم شیخ رحمت اللہ صاحب سے وعدہ فرمایا تھا کہ آپ لاہور تشریف لا کر ان کے مکان کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ مگر حضور کا چونکہ وصال ہو گیا تھا اس لئے شیخ صاحب نے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی خدمت میں مکان کا سنگ بنیاد رکھنے کی درخواست کی۔ حضور نے شیخ صاحب کی درخواست منظور فرمائی اور 15 جون 1912ء کو صبح دس بجے لاہور تشریف لائے اور ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ صاحب کی کوٹھی پر قیام فرمایا۔ اسی دن شام کو چھ بجے شیخ رحمت اللہ صاحب کے مکان کی بنیادی اینٹ رکھتے ہوئے فرمایا کہ ’’میں دعا کر کے ایک اینٹ رکھ دیتا ہوں۔ میرے بعد صاحبزادہ مرزا محمود احمد، بشیر احمد، شریف احمد اور نواب صاحب دعا کر کے ایک ایک اینٹ رکھ دیں۔‘‘

16 جون کو حضرت خلیفۃ المسیح الاول نے دو تقریریں فرمائیں ایک تقریر مستورات میں اور دوسری تقریر مردوں میں۔ اس تقریر میں آپ نے مخالفین خلافت کے اعتراضات کے جواب دیئے۔

خلافت کی عظمت اور برکات کے متعلق آپ نے اہل لاہور کے سامنے جو معارف اور حقائق اپنی تقریر میں بیان فرمائے ہم اس کے کچھ حصے قارئین کی خدمت میں پیش کرتے ہیں۔ آپ نے معترضین خلافت کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ:

’’تم کو بھی خدا تعالیٰ نے اپنے فضل سے ہمارے بادشاہ حضرت مسیح موعود کے ذریعہ............ ایک کیا۔ پھر اس کے مرنے کے بعد میرے ہاتھ پر تم کو تفرقہ سے بچایا۔ اس نعمت کی قدر کرو اور نکمی بحثوں میں نہ پڑو۔‘‘

’’میں نہیں سمجھتا کہ اس قسم کی بحثوں سے تمہیں کیا اخلاقی یا روحانی فائدہ پہنچتا ہے۔ جس کو خدا تعالیٰ نے چاہا، خلیفہ بنا دیا اور تمہاری گردنیں اس کے سامنے جھکا دیں۔ خدا تعالیٰ کے اس فعل کے بعد بھی تم اس پر اعتراض کرو تو سخت حماقت ہے۔‘‘

’’میں نے تمہیں بارہا کہا ہے اور قرآن مجید سے دکھایا ہے کہ خلیفہ بنانا انسان کا کام نہیں ہے۔ بلکہ خدا تعالیٰ کا کام ہے۔

’’............اگر کوئی کہے کہ انجمن نے خلیفہ بنایا ہے۔ تو وہ جھوٹا ہے۔ اس قسم کے خیالات ہلاکت کی حد تک پہنچاتے ہیں۔ تم ان سے بچو۔ پھر سن لو کہ مجھے نہ کسی انسان نے نہ کسی انجمن نے خلیفہ بنایا ہے اور نہ ہی میں کسی انجمن کو اس قابل سمجھتا ہوں کہ وہ خلیفہ بنائے۔ پس مجھ کو نہ کسی انجمن نے بنایا اور نہ میں اس کے بنانے کی قدر کرتا اور اس کے چھوڑ دینے پر تھوکتا بھی نہیں اور نہ اب کسی میں طاقت ہے کہ وہ اس خلافت کی ردا کو مجھ سے چھین لے‘‘۔

’’............اس سے توبہ کر لو۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے جس کو حقدار سمجھا۔ خلیفہ بنا دیا۔ جو اس کی مخالفت کرتا ہے وہ جھوٹا اور فاسق ہے۔ فرشتے بن کر اطاعت اور فرمانبرداری کرو۔ ابلیس نہ بنو‘‘۔

میں باوجود اس بیماری کے جو مجھے کھڑا ہونا تکلیف دیتا ہے۔ اس موقعہ کو دیکھ کر سمجھتا ہوں کہ خلافت کیسری کی دکان کا سوڈاواٹر نہیں۔ تم اس بکھیڑے سے کچھ فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ نہ تم کو کسی نے خلیفہ بنانا ہے اور نہ میری زندگی میں کوئی اور بن سکتا ہے۔ میں جب مر جاؤں گا تو پھر وہی کھڑا ہوگا جس کو خدا چاہے گا اور خدا اس کو آپ کھڑا کر دے گا‘‘............

’’دیکھو میری دعائیں عرش میں بھی سنی جاتی ہیں۔ میرا مولیٰ میرے کام میری دعا سے بھی پہلے کر دیتا ہے۔ میرے ساتھ لڑائی کرنا خدا سے لڑائی کرنا ہے۔ تم ایسی باتوں کو چھوڑ دو اور توبہ کر لو............ تھوڑے دن صبر کرو۔ پھر جو پیچھے آئے گا۔ اللہ تعالیٰ جیسا چاہے گا وہ تم سے معاملہ کرے گا‘‘۔

اہل لاہور کے متعلق

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی اہل لاہور کے متعلق رائے:

لاہور میرا گھر نہیں۔ میرا گھر بھیرہ میں تھا۔ یا اب

قادیان میں ہے۔ میں تمہیں بتاتا ہوں کہ لاہور کا کوئی آدمی نہ میرے امر خلافت میں روک بنا ہے نہ بن سکتا ہے۔ پس تم ان پر بدظنی نہ کرو............

(حیات نور صفحہ 556 تا 563)

حضرت مسیح موعود آپ کے متعلق فرماتے ہیں۔

''میں رات دن خدائے تعالیٰ کے حضور چلّا تا اور عرض کرتا تھا کہ اے میرے رب میرا کون ناصرو مددگار ہے۔ میں تنہا ہوں اور جب دعا کا ہاتھ پے در پے اٹھا اور فضائے آسمانی میری دعاؤں سے بھر گئی تو اللہ تعالیٰ نے میری عاجزی اور دعا کو شرف قبولیت بخشا اور رب العالمین کی رحمت نے جوش مارا اور اللہ تعالیٰ نے مجھے ایک مخلص صدیق عطا فرمایا............اس کا نام اس کی نورانی صفات کی طرح نورالدین ہے............ جب وہ میرے پاس آ کر مجھ سے ملا تو میں نے اسے اپنے رب کی آیتوں میں سے ایک آیت پایا اور مجھے یقین ہو گیا کہ یہ میری اسی دعا کا نتیجہ ہے جو میں ہمیشہ کیا کرتا تھا اور میری فراست نے مجھے بتایا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے منتخب بندوں میں سے ہے اور میں لوگوں کی مدح کرنا اور ان کے شمائل کی اشاعت کرنا اس خوف سے بُرا سمجھتا تھا کہ مبادا انہیں نقصان پہنچائے۔ مگر میں اسے ان لوگوں سے پاتا ہوں جن کے نفسانی جذبات شکستہ اور طبعی شہوات مٹ گئی ہیں اور ان کے متعلق اس قسم کا خوف نہیں کیا جا سکتا۔ وہ میری محبت میں قسم قسم کی ملامتیں اور بدزبانیاں اور وطن مالوف اور دوستوں سے مفارقت اختیار کرتا ہے اور میرا کلام سننے کے لئے اس پر وطن کی جدائی آسان ہے اور میرے مقام کی محبت کے لئے اپنے اصل وطن کی یاد بھلا دیتا ہے اور ہر ایک امر میں میری اس طرح پیروی کرتا ہے۔ جیسے نبض کی حرکت تنفس کی حرکت کی پیروی کرتی ہے''۔

(آئینہ کمالات اسلام طبع اول صفحہ 581-582۔ ترجمہ از عربی)

❁❁❁❁❁❁❁

مکرم شریف احمد صاحب دیڑھوی

محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب سابق امیر ضلع نواب شاہ

خاکسار 1951ء میں کراچی سے آکر کرونڈی ضلع خیر پور سندھ میں آباد ہو گیا تھا۔ صوبہ سندھ میں 2 ڈویژن یعنی خیر پور اور حیدر آباد ڈویژن تھے۔ خیر پور ڈویژن میں صرف ایک ہی مربی محترم مولوی غلام احمد صاحب فرخ تھے۔ اپنے وقت میں انہوں نے بہت کام کیا ہے۔ انہوں نے اپنا ہیڈ کوارٹر باندھی گوٹھ حاجی عبدالرحمٰن صاحب ڈاہری میں رکھا اور اردگرد کے احمدیوں کے آپس میں رابطے کی صورت پیدا کی اور 1956ء میں ڈویژن میں خدام الاحمدیہ کے تحت اجتماع کی بنیاد رکھی اور محترم حاجی عبدالرحمٰن صاحب ڈاہری جو پہلے ضلع کے قائد بنے اور پھر جلد ہی علاقائی قائد بن گئے۔ ان کی قیادت میں یہ اجتماع ہر سال باقاعدگی سے شروع ہو گئے اور نگرانی محترم مولوی غلام احمد صاحب فرخ کرتے تھے۔ خاکسار بھی اس زمانہ یعنی 1953ء میں قائد مقامی اور پھر قائد ضلع خیر پور پھر قائد علاقہ خیر پور تھا۔ محترم مولوی صاحب نے نوجوانوں کی ایک خاص ٹیم تیار کی جس میں محترم حاجی عبدالرحمٰن صاحب کے ساتھ کام کرنے والے خاکسار کے علاوہ محترم ڈاکٹر فقیر محمد صاحب مرحوم محترم عبدالہادی صاحب چانڈیو اور محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب خاص طور پر شامل تھے۔ ان میں سے سب سے کم عمر محترم سیٹھ محمد یوسف صاحب تھے۔ شروع شروع میں اجتماع کا تمام خرچ محترم حاجی صاحب ہی کرتے تھے۔ بعد میں مجالس کے اصرار پر خدام الاحمدیہ نے اس خرچ میں حصہ لینا شروع کیا۔ پھر جب محترم حاجی صاحب انصاراللہ میں چلے گئے تو خرچ کے لحاظ سے یہ خدمت محترم محمد یوسف صاحب کے حصہ میں آئی اور آخر وقت تک جاری رہی۔

